## سوال

میں نے اپنی بیوی کو دو طلاقیں دے دیں اور ایک کاغذ پر لکھ کراپنے پاس رکھ لیں، بیوی کو دی نہیں، تو اس پر کیا معاملہ ہوگا؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ نے اپنی بیوی کو دو طلاقیں الگ الگ موقعوں پر دی ہیں تو اسے دو طلاقیں واقع ہو چکی ہیں۔ اگر ایک ہی موقع پر اکٹھی دو طلاقیں دی ہیں تو صرف ایک طلاق واقع ہوئی ہے۔ اللہ تعالی نے طلاق کا اختیار خاوند کو دیا ہے، جب وہ اپنے اختیار کو استعمال کرتے ہوئے طلاق دے گا، طلاق واقع ہو جائے گی اور عدت بھی شروع ہو جائے گی، چاہے بیوی کو خبر ہو یا نہ ہو۔

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ عطاء الرحمن علوی